تحریکیں، یہ سب مغربیت کو جدیدیت کے نام پر اسلام پر غالب کرنے کی سازش ہے اور اس سازش کو سمجھنے کی ضرورت ہے۔

جامعہ کراچی کے شعبہ تصنیف و تالیف و ترجمہ نے عالم اسلام اور جدیدیت و روایت کی کشمکش کو سمجھنے سمجھانے کی غرض سے اپنے علمی و تحقیقی ۔ جریدہ ۔ کے کوئی اڑھائی سو صفحات مختص کئے ہیں جن کا مطالعہ جدیدیت پسندوں کی اصل فکر کو نہ صرف بے نقاب کرتا ہے بلکہ روایت کے امین اہل علم کی خدمات دینیہ کو بھی اجاگر کرتا ہے۔ اہل علم کے لئے اس کے بعض مندرجات سے اختلاف کی گنجائش ہے تاہم اڑھائی سو صفحات کا یہ مقالہ جدیدیت کی فکر کو سمجھنے کے لئے ایک وقیع دستاویز ہے۔

مجلّہ فقہ اسلامی کے پانچ سال

الحمدللہ العزیز مجلّہ فقہ اسلامی نے اپنی اشاعت کے پانچ سال مکمل کر لئے ہیں۔ ہم نے کوشش کی ہے کہ ہم اپنی مرتب کردہ پالیسی کے مطابق فقہ المعاملات پر اپنی توجہ مرکوز رکھیں اور چلتے چلاتے موضوعات سے ہٹ کر صرف علمی و تحقیقی فقہی مضامین اور فقہی تحریریں پیش کریں۔ اگر سو فی صد نہیں تو کم از کم نوے پچانوے فیصد کامیابی اس میں ہمیں اللہ کے فضل سے ضرور حاصل ہوئی ہے۔ تاہم لکھنے والوں سے یہ شکوہ ہمیں اب بھی ہے کہ خالص علمی و تحقیقی انداز میں مضامین ہمیں بڑی مشکل سے میسر آتے ہیں، اور اکثر احباب یہ کہ کر معذرت کر لیتے ہیں کہ آپ کے مجلّہ کے معیار کے مطابق لکھنا خاصا مشکل کام ہے۔ بعض احباب نے ہمیں ایسی تحریریں بھی ارسال فرمائیں جن میں تحقیق کم اور کسی تحقیق پر تنقید زیادہ تھی اور وہ بھی غیر شائستہ الفاظ میں چنانچہ ہم نے ایسی تمام تحریریں شائع کرنے سے گریز کیا۔ اس پر بعض احباب کا ناراض یا رنجیدہ ہونا فطری امر ہے۔ ہم ایسے احباب سے معذرت خواہ ہیں۔

سال گزشتہ کا اشاریہ شامل اشاعت ہے۔

ہم اللہ تعالی کے حضور سربسجود ہیں کہ اس نے ہمیں پانچ سال تک فقہ اسلامی کی خدمت کی توفیق عطا کی ۔ اور جن حضرات نے گزشتہ برسوں کے دوران ہم سے علمی، قلمی، مالی، اخلاقی، مشاورتی تعاون کیا ہم ان تمام احباب کے دل و جان سے ممنون ہیں۔ اللہ تعالی ان سب کو جزائے خیر عطا فرمائے۔ (آمین)

فضل العالم علی العابد کفضل القمر علی سائر الکواکب (سنن ابوداود و ترمذی)